ٹیکسٹائل بر آمد کنندہ صنعتوں کا نئے پورٹل پر عدم اعتماد کا اظہار

سیلز ٹیکس ریفنڈ کے طریقہ کار میں تبدیلیوں سے ریفنڈ کا عمل متاثر ہوتا ہے، کاشف چاؤلہ

کراچی (رپورٹ /احتشام مفتی) ٹیکسٹائل سیکٹر کے بر آمد کنندہ صنعتوں نے آئی آر ایس کے سیلز ٹیکس ریفنڈ اور جمع کرانے کے نئے پورٹل پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پرانے "پرال" سسٹم کی بحالی کا مطالبہ کر دیا ہے۔ بر آمد کنندہ صنعتکاروں نے ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً سیلز ٹیکس ریفنڈ کے طریقہ کار میں تبدیلی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان تبدیلیوں سے ریفنڈ کا عمل بھی متاثر ہونے سے بر آمد کنندگان کو مالیاتی بحران سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے جس سے بیرونی خریداروں کے بر آمدی آرڈرز کی تکمیل میں بھی رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے۔ اس ضمن میں ٹاول مینو فیکچررز اینڈ ایکسپوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کاشف چاؤلہ نے ایکسپریس کو بتایا کہ ڈھائی ماہ گزرنے کے بعد بھی صنعتکاروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ملک IRIS.پر اس نئے پورٹل نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے پرانے سسٹم پرال کی جگہ لے لی ہے حالانکہ پرال سسٹم زیادہ صارف دوست تھا کیونکہ پرال سسٹم کے طریقہ کار بر آمد کنندہ صنعتکار بخوبی آگاہ ہیں۔